Rice (Moonji) Auction Notice

چاول (مونجی) کا نیلامِ عام

پنجاب لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ (پی ایل ڈی ڈی بی) کے پاس تجرباتی لائیوسٹاک فارم، خضرآباد، سرگودھا میں چاول (مونجی) کے تقریباً 200 ایکڑ موجود ہیں جسے ادارہ درج ذیل شیڈول کے مطابق نیلام عام کرے گا۔ دلچسپی رکھنے والے افراد بولی میں شرائط وضوابط کے مطابق حصہ لے سکتے ہیں۔ چاول (مونجی) کی بولی 26 اکتوبر 2023، بروز جمعرات، دن 11 بجے تجرباتی لائیوسٹاک فارم، خضرآباد سرگودھا میں ہوگی۔ متعلقہ شعبہ سے وابستہ افراد موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

شرائط وضوابط:

- ☆ بولی دہندہ کو بولی سے قبل چاول (مونجی) کا 100,000 روپے کا CDR (قابل واپسی) بطور زرضمانت بحق پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ جمع کروانا ہوگا۔
- ☆ بولی سے قبل چاول (مونجی) کا فارم پر معائنہ کیا جا سکتا ہے، بعد از بولی ادارہ کسی قسم کا عذر قبول نہیں کرے گا۔
- ☆ انکم ٹیکس / سیلز ٹیکس گورنمنٹ کے مروجہ قانون کے مطابق نافذ العمل ہوگا جو بولی دہندہ ادا کرے گا۔
- ☆ کامیاب بولی دہندہ کو بولی کی کل قیمت کا 10% (نا قابلِ واپسی) موقع پر جمع کروانا ہوگا بقیہ ماندہ رقم جیسے جیسے فصل اُٹھائے گا اُس سے قبل اُس کی ادائیگی کرے گا۔
- ☆ بولی کے دوران تمام معاملات کا حتمی فیصلہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کا ہوگا جسے بولی دہندہ کو قبول کرنا ہوگا۔
- ☆ چاول (مونجی) کی قابل قبول قیمت نہ لگنے کی صورت میں کمیٹی بولی کو منسوخ کرنے کا اختیار رکھتی ہے۔
- ☆ پہلی بولی منسوخ ہونے یا بوجہ دیگر چاول (مونجی) نیلام نہ ہونے کی صورت میں دوسری بولی 02 نومبر 2023 اور تیسری بولی 08 نومبر 2023 کو لائیوسٹاک فارم خضرآباد سرگودھا میں ہوگی۔

مزید معلومات کے لئے درج ذیل نمبر پر دفتری اوقات میں رابطہ کریں۔ 0340-7653443

سینئر مینجر، تجرباتی لائیوسٹاک فارم، خضرآباد، ضلع سرگودھا

(ہیڈ آفس) پنجاب لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ، 273-B، بلاک بی،
ریونیو سوسائٹی PIA روڈ لاہور۔ Phone# 042-99333045-6